ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(425)26-07-2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری، 28 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے، ڈی پی او عبادت نثار تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری، جس میں 28 شہریوں نے شرکت کی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تا کہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جاسکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔عام آدمی کو اس کی دہلیز پر انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔انھوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی روزانہ کی بنیاد پر منعقد ہونے والی کھلی کچہری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (426) 26-07-2022

بہاول پور() بھاولپور پولیس کا گزشتہ دوروز میں سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، مقدمات درج ،ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد، بھاولپور پولیس دستیاب وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھے گی تا کہ معاشرے کوایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے،ڈی پی او بھاولپور۔تفصیل کے مطابق بھاولپور پولیس تھانہ بغدادالجدید، قائم پور، عنایتی، ہیڈراجکاں، صدر بھاولپوراورصدر حاصل پورنے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان کے قبضہ سے شراب اور 4500 گرام سے زائد چرس اور 215 لیٹر شراب برآمد کرلی۔غیر قانونی اسلحہ کے مقدمات درج کر کے ملزمان سے 2 عدد پسٹل بھی برآمد کئے گئے۔جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی تا کہ معاشرے کومنشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور پولیس کا گزشتہ دوروز میں سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(427)2022_07_26

بہاول پور() نواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور میں کلاسز کا باقاعدہ آغاز،

بھاولپور پولیس کی جانب سے دوردراز کے علاقوں میں پبلک سروس بہتر بنانے کی طرف ایک اہم قدم، پولیس ضلع دفتر سے دور سروسز مہیا کرنے والے اداروں کی سخت مانیٹرنگ کی جائے گی تا کہ عوام کو ان اداروں کے حقیقی ثمرات مل سکیں، ڈی پی او عبادت نثار تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی پبلک سروس پالیسی کے تحت نواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور میں کلاسز کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ابتدائی کلاس میں 15 سے زائد طلبا نے داخلہ لیا۔کلاسز کے باقاعدہ آغاز پر حاصل پور کے عوامی حلقوں نے خوشی کا اظہار کیا۔ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب اور آئی جی پنجاب کا پبلک سروسز کے حوالے سے بہت واضح ویژن ہے جس کا مقصد متعین شدہ وقت میں عوام کو بہترین سروسز مہیا کرنا ہے۔پولیس ڈرائیونگ سکولز میں دی جانے والی سہولیات کے بارے میں عوام کو بھی آگاہ کریں تا کہ زیادہ سے زیادہ شہری مستفید ہوسکیں، ان اداروں میں کسی بھی طرح کی بدعنوانی اور بداخلاقی جیسے عناصر کی جھلک بھی نظر آئی تو متعلقہ اسٹاف کے خلاف بمطابق ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی،ڈی پی او نے پولیس ڈرائیونگ سکولز میں صفائی،موسمی صورتحال اور سیکیورٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے بھی مناسب انتظامات کرنے کی ہدایت جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

نواز بگا شہید ڈرائیونگ سکول حاصل پور میں کلاسز کا باقاعدہ آغاز